اکرام اللہ ساجد

تعارف و تبصرہ کتب

نام کتاب . . . فلسفۂ ختم نبوت

مصنف . . . مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی

صفحات . . . ۴۰

قیمت . . . تین روپے

ناشر . . . مسلم اکادمی وزیر پورہ سیالکوٹ

مولانا حفظ الرحمٰن سیوہارویؒ کا نام محتاج تعارف نہیں۔ علامہ انور شاہ کاشمیریؒ اور علامہ شبیر احمد عثمانیؒ کے یہ شاگرد رشید جو ندوۃ المصنفین دہلی کے بانی ہیں اور یوپی کی اسمبلی اور ہندوستان کی پارلیمنٹ کے ممبر بھی رہے، درج ذیل کتب کے مصنف بھی ہیں:

قصص القرآن چار جلد، اسلام کا اقتصادی نظام، اخلاق اور فلسفۂ اخلاق، بلاغ المبین اور رسول کریمؐ۔

زیر نظر کتابچہ جو ختم نبوت کے موضوع پر ہے، دراصل قصص القرآن کے مایۂ ناز مقالوں میں سے ایک ہے جسے افادۂ عام کی غرض سے مسلم اکادمی وزیر پورہ سیالکوٹ نے کتابی شکل میں نہایت خوبصورت انداز میں شائع کیا ہے۔ مصنف نے مسئلہ ختم نبوت پر عقلی اور فلسفیانہ رنگ میں سیر حاصل بحث کر کے سارقینِ نبوت کا جس بہترین انداز میں رد کیا ہے، اپنی مثال آپ ہے۔ طالبانِ حق کے لئے اس کا مطالعہ یقیناً مفید رہے گا۔

تفسیر عم یتساءلون (پہلا حصہ) از شاہ حسن عطا

ضخامت . . . ۶۰ صفحات

ناشر . . قاضی حمید الدین ناگوری اکیڈیمی ۱۵۱ - ڈی سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی

تفسیر عم ینسارلون کا پہلا حصہ جس میں قرآن مجید، فرقانِ حمید کے آخری پارہ کی ۲۵ سورتوں کے علاوہ سورت الفاتحہ کی تفسیر بھی شامل ہے، دراصل مصنف کے اس قابلِ قدر پروگرام کی اولین کڑی ہے کہ قرآن مجید کو تفسیری تقریروں کے ذریعہ اس انداز میں روشناس کرایا جائے کہ پڑھنے والا نہ صرف ہر سورۃ کے مطالب سے بخوبی واقف ہو جائے بلکہ اس میں یہ جذبہ خود بخود موجزن ہو جائے کہ وہ عربی زبان سے تعلق قائم کر کے براہِ راست قرآنی آیات سے مستفیض ہو سکے - اور اس طرح وہ پہلے انفرادی اصلاح اور پھر معاشرتی اصلاح کی طرف توجہ دے سکے - واللہ الموفق !

نام کتاب . . . سوانح و مکتوبات مسعود عالم ندویؒ

مرتبہ . . . اختر راہی ایم - اے

ضخامت . . . ۱۰۳ صفحات

ناشر . . مکتبۂ نظر ناشر قرآنی قطعات گجرات

مسعود عالم ندوی ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے تمام عمر اسلام کی بھرپور خدمت کی اور اعلائے کلمۃ الحق کے لئے کما حقہٗ جہاد کیا ـــــــ وہ ایک مخلص داعی، باعمل عالم اور جوانمردی، ہمت اور صبر و استقامت میں بے نظیر شخصیت کے مالک تھے -

زیر نظر کتاب مرحوم کے مختصر حالاتِ زندگی اور چونتیس مکتوبات پر مشتمل ہے جو انہوں نے مولانا ناظم ندوی، ابو الحسن علی ندوی، سید سلیمان ندوی، سید الطاف بریلوی، طٰہٰ یٰسین، مولانا حکیم شمس الدین احمد، عبد الماجد دریابادی، رئیس احمد جعفری، محمد عاصم الحداد وغیرہم کے نام لکھے -

جناب اختر راہی ایم - اے نے بڑی محنت سے یہ مکتوبات جمع کئے اور ان کو مرتب کیا ہے اور اس قابل قدر کوشش کے لئے وہ بجا طور پر ہدیہ تبریک کے مستحق ہیں ـــ کیونکہ ایسی کوششیں نہ صرف ہمارے اسلاف کا نام زندہ رکھنے میں ممد و معاون ثابت ہوتی ہیں بلکہ ان بزرگوں کے حالات و واقعاتِ زندگی سے واقفیت کی بدولت ہماری آئندہ نسلوں کو جہد و عمل کی راہ بھی ملتی ہے -

سفید کاغذ، آفسٹ طباعت دیدہ زیب ٹائیٹل، قیمت چھ روپے